# بادبانِ اُردو

ایس ایل او پر مبنی نمونہ کے پرچہ جات

## جماعت پنجم

ڈاکٹر طاہر محمود



EXCEL
BOOK COMPANY

ایکسل بُک کمپنی

# بَادبانِ اُردُو

# ماڈل پیپرز

برائے جماعت پنجم

یکساں قومی نصاب کے مطابق ایک قوم ایک نصاب

ڈاکٹر طاہر محمود

EXCEL BOOK COMPANY
Head Office: House# 992, St. 43, E-11/2, Islamabad +92 345 589 2752
Sales Point: 7-Mian Market, Ghazni Street, Urdu Bazar, Lahore.
Contact: +92 343 524 5518 +92 42 3723 11 12
NAJEEB Creative Studio
Printers A complete Printing Solutions
www.excelbookcompany.com.pk

جُملہ حقوق بحق پبلشر محفوظ ہیں

اس کتاب کو بغیر پبلشر کی تحریری اجازت کے کسی کو بھی کسی بھی صورت میں فروخت کرنے یا اس پر کسی کو اُجرت دیے جانے کا اختیار نہیں ہے۔ اس کتاب کے کسی بھی حصّہ یا کسی بھی سبق کو ذخیرہ کر کے تقسیم کرنے کی اجازت نہیں۔ اس کتاب میں کسی بھی قسم کی فوٹو کاپی، ویڈیو اور آڈیو وغیرہ بنانے کی صورت میں ہر حال میں پبلشر سے پیشگی اجازت انتہائی ضروری ہے۔

نام کتاب: **بادبانِ اُردو ماڈل پیپرز** (برائے جماعت پنجم)

مصنفین ومؤلفین: ڈاکٹر طاہر محمود

ناشر: ایکسل بُک کمپنی

7 میاں مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔

فون: 1363 899 324 92+ / 0598 3730 42 92+ / 1112 3723 42 92+

پرنٹر: احمد ایمان پرنٹرز، بندر روڈ لاہور۔

گرافکس ڈیزائنگ: عبدالقادر (اسلام آباد)، عماد الدین (لاہور)، سید باسط علی شاہ (لاہور)، ایم ریحان مظہر (لاہور)

پروسیسنگ: سلور سکین (لاہور)، ایم ریحان مظہر (لاہور)

# مؤلفین ومرتبّین

**ڈاکٹر طاہر محمود**
پی۔ایچ۔ڈی (اُردو)، ایم ایڈ، ماہرِ مضمون

**رابعہ طاہر**
ایم۔اے (اُردو)، بی ایڈ ماہر مضمون

## ایڈیٹوریل بورڈ

ڈاکٹر روش ندیم (پی۔ایچ۔ڈی، اُردو)
ڈاکٹر عزیز ابن الحسن (صدر شعبہ اُردو، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد)
ڈاکٹر ارشد معراج (ایسوسی ایٹ پروفیسر، بین الاقوامی یونی ورسٹی، اسلام آباد)
چوہدری محمد اسحاق (معلم گورنمنٹ بوائز ہائی سکول، تر اہیا، راول پنڈی)

## نظر ثانی

پروفیسر مجیب الرحمان (سابقہ پروفیسر، ایچیسن کالج، لاہور)
پروفیسر رانا ندیم (ملتان پبلک سکول، ملتان)
پروفیسر شفا رانا (بیکن ہاؤس سکول، لاہور)
پروفیسر اسماء تنویر (سائی کیس سکول، لاہور)
ڈاکٹر وسیم انجم (وفاقی اُردو یونی ورسٹی، اسلام آباد)
ڈاکٹر صلاح الدین درویش
(ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اُردو فیڈرل معلم)

# ماڈل پیپر برائے جماعت پنجم (اُردو) پیپر 1

کل نمبر:۵۰

نوٹ: دیے گئے تمام سوالات حل کرنے ہیں ہر سوال کے پانچ نمبر ہیں۔

سوال نمبر:ا دیے گئے جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔ (۱۰)

(۱) ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں کرنیں ایک ہی۔۔۔۔۔۔۔کی۔

ا۔ سورج ب۔ چاند ج۔ مشعل د۔ ستارے

(۲) مکہ فتح ہوا تو اسلام کے یہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دشمن مکمل طور پر اس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے رحم وکرم پر تھے۔

ا۔ مشہور ب۔ بدترین ج۔ جانی د۔ خون خوار

(۳) اے ابوذر! مجھے یہ پسند نہیں کہ میرے پاس کوہ احد کے برابر سونا ہو اور تیسرے دن تک اس میں سے میرے پاس۔۔۔۔۔۔۔۔بھی بچ رہے۔

ا۔ کچھ ب۔ ایک اشرفی ج۔ رتی برابر د۔ ایک روپیہ

(۴) پنجاب میں اُردو زبان کے فروغ کی بہت سی وجوہات میں سے ایک وجہ پنجابی کا اردو سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہونا بھی ہے۔

ا۔ قریب ب۔ مشابہ ج۔ جیسا د۔ ملتا جلتا

(۵) مدت گزری ایک بہادر اور نیک دل انسان کا جی دنیا کی دھوکہ بازی، فریب، کمینگی اور غداری سے۔۔۔۔۔۔ہو گیا۔

ا۔ اچاٹ ب۔ تنگ ب۔ بےزار د۔ بےخبر

(۶) مرکز کے معانی محور کے ہیں جسے آسان الفاظ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی جگہ بھی کہا جاتا ہے۔

ا۔ درمیان ب۔ آخر ج۔ ابتداء د۔ اوسط درجہ پر

(۷) ہلال کے معنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے ہیں گویا پرچم یا جھنڈے پر موجود ہلال کا چاند اور ستارہ موجود ہیں۔

ا۔ چاند ب۔ ابتدائی چاند ج۔ پاک د۔ کھانے کا اختیار رکھنے والی چیز

**(۸) ہلال چاند آہستہ آہستہ بڑھتا ہے ہمارا ملک بھی آہستہ آہستہ ترقی کی راہ پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔**

ا۔ گامزن ب۔ جاری ج۔ رواں د۔ مسلسل

**(۹) خدائے ذوالجلال کے معنی خدا کا سایہ کے ہیں جو بڑے۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔**

ا۔ مہارت والا ب۔ جلال والا ج۔ روب والا د۔ مرتبے والا

**(۱۰) استقبال یعنی خوش آمدید کہنا جانِ استقبال کے معنی ہوئے جان دے کر بھی تیرا۔۔۔۔۔۔۔ کریں گے۔**

ا۔ خیال ب۔ استقبال ج۔ بھروسہ د۔ خیال

**سوال نمبر:۲ دیے گئے پیراگراف کی تشریح بحوالہ سبق و مصنف کریں۔ (۵)**

ہمارے سکول میں مختلف طرح کے لوگ کام کرتے ہیں ان میں اساتذہ، چوکیدار، مالی، لیب اٹینڈنٹ، خاک روب، نائب قاصد وغیرہ شامل ہیں۔ یہ سب لوگ سکول کی فلاح و بہبود میں اپنا اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ اساتذہ ہمیں تندہی سے پڑھاتے ہیں جس کے باعث ہم اپنی تعلیم کی منزلیں طے کر کے اپنی زندگیوں کو کامیاب بنا سکتے ہیں۔ سکول میں موجود چوکیدار سکول کی حفاظت کا ذمہ دار ہے اور وہ ہر آنے جانے والے پر کڑی نظر رکھتا ہے۔ اسی طرح مالی ہمارے سکول کے پودوں کی حفاظت کرتا ہے اور ان کی نگہداشت کے تمام فرائض بڑی ذمہ داری سے انجام دیتا ہے۔ لیب اٹینڈنٹ کے باعث ہمارے اسکول کی لیب صاف ستھری اور ہر چیز اپنی جگہ پر موجود نظر آتی ہے۔ یہ صاحب کمپیوٹر کے استاد محترم کے ساتھ مل کر ہماری رہنمائی کرتے ہیں کہ ہم کمپیوٹر لیب میں کمپیوٹر کا استعمال کرتے ہوئے کس طرح کی احتیاط کریں گے اور سائنس لیب میں بھی ان کی رہنمائی ہمارے لیے باعث فخر ہے۔

**سوال نمبر:۳ دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (کوئی سے دس) (۲۰)**

ا۔ رب العزت کی وجہ سے کس چیز کا بھرم قائم ہے؟

۲۔ ''لولاک لما'' کس طرف اشارہ ہے اور شاعر یہاں کیا سمجھانا چاہتا ہے؟ (بحوالہ نعت)

۳۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے کن چار چیزوں کا ذکر کیا کہ اس میں میرا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا؟

۴۔ خطہ پوٹھوار کے لوگوں کی زبان میں انگریز الفاظ کیوں شامل ہیں؟

۵۔ پاکستان بھر کو گیس کی سپلائی کہاں سے دی گئی ہے؟

۶۔ شکاری نے اپنے بچوں کو آخری نصیحت کیا کی؟

۷۔ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے ہمیں کس کے پنجے سے نجات دلوائی؟

۸۔ یہ ہلال چاند اور ستارہ پرچم پر کیوں بنایا گیا ہے؟

۹۔ قومی ترانہ پڑھتے ہوئے کس بات کا خیال رکھنا چاہیے؟

۱۰۔ ہمارے ملک کی پیداوار کے لیے کون اور کس طرح کام کرتا ہے؟

۱۱۔ گلہری نے پہاڑ کو اپنی اہمیت کا یقین کس طرح دلایا؟

۱۲۔ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کن کن سورماؤں کو واصل جہنم کیا؟

**سوال نمبر:۴ خالی جگہ میں مناسب الفاظ کے متضاد لکھ کر جملے مکمل کریں۔** (۵)

الف۔ پاکستان ۔۔۔۔۔۔کی راہ پر گامزن ہے۔ (تنزلی)

ب۔ ہمیں اپنے وطن سے ۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔ (نفرت)

ج۔ میز پر ۔۔۔۔۔کتابیں رکھی ہیں۔ (آدھی)

د۔ میری تم سے ۔۔۔۔۔۔نہیں مگر میں تمہیں سمجھانا چاہتا ہوں۔ (دوستی)

ہ۔ دوسروں کی خدمت میں ہی ہماری ۔۔۔۔۔ ہے۔ (برائی)

**سوال نمبر:۵ سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام لائبریری کی کتابوں کی خریداری کی درخواست تحریر کریں۔** (۵)

**سوال نمبر:۶ بجلی ہمارے لیے کس قدر فائدے مند ہے اس موضوع پر پندرہ جملوں کا ایک پیراگراف لکھیں۔** (۵)

☆......☆......☆

# ماڈل پیپر برائے جماعت پنجم (اُردو) پیپر 2

کل نمبر:۵۰

نوٹ: دیے گئے تمام سوالات حل کرنے ہیں ہر سوال کے پانچ نمبر ہیں۔

سوال نمبر:ا دیے گئے جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔ (۱۰)

ا۔ سائنس نے نت نئ ایجادات کر کے انسان کو اور بھی۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ڈال رکھا ہے۔

ا۔ پریشانی ب۔ حیرت ج۔ مشکل د۔ خوف

۲۔ اللہ اپنے پسندیدہ بندوں کو اپنی طرف کس طرح بلاتا ہے؟

ا۔ دکھ دے کر ب۔ پریشانی دے کر ج۔ مصیبت دے کر د۔ خوشی دے کر

۳۔ سکاؤٹ تنظیم کا آغاز۔۔۔۔۔۔۔ء میں ہوا۔

ا۔ ۱۹۰۵ء ب۔ ۱۹۰۶ء ج۔ ۱۹۰۷ء د۔ ۱۹۰۸ء

۴۔ پودے ہوا سے کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس جذب کرتے ہیں اور۔۔۔۔۔۔۔۔ گیس ہوا میں خارج کرتے ہیں۔

ا۔ نائیٹروجن ب۔ سوئی ج۔ آکسیجن د۔ ہائیٹروجن

۵۔ زرخیز زمینیں جس قدر زیادہ ہونگی اسی قدر۔۔۔۔۔۔۔ زیادہ ہوگی۔

ا۔ پیداوار ب۔ آبادی ج۔ سیاحت د۔ خوشحالی

۶۔ ہڑپہ کے لوگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پر خوب توجہ دیا کرتے تھے۔

ا۔ ناپ تول ب۔ مورتیاں بنانے ج۔ سیاحت د۔ پکے مکان بنانے

۷۔ مسلمانوں کے گھر میں سب سے۔۔۔۔۔۔ گھر وہ ہے جس میں کوئی یتیم موجود ہو اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جا رہا ہو۔

ا۔ اعلیٰ ب۔ بہتر ج۔ بدترین د۔ مناسب

۸۔ ہم ملکی گلیکسی پر رہتے ہیں اور اس نظام کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

ا۔ نظام کائنات ب۔ نظام شمسی ج۔ نظام آسمانی د۔ قدرت کا نظام

۹۔ علم (آدمی) کا مددگار ہے اور حکمت (حق کی طرف) کرتی ہے:

ا۔ رہنمائی ب۔ خیال ج۔ نیکی د۔ احساس

۱۰۔ عقلمندی زینت اور حماقت ہے:

ا۔ برائی ب۔ عیب ج۔ گناہ د۔ غیر مناسب

سوال نمبر:۲ دیے گئے پیراگراف کو توجہ سے پڑھیں اور مصنف اور سبق کا نام تحریر کر کے پیراگراف کی تشریح کریں۔ (کوئی ایک) (۸)

(ا) ان لاکھوں کروڑوں کہکشاؤں میں سے ایک کہکشاں مِلکی کہکشاں یا مِلکی گلیکسی ہے۔ ہر کہکشاں میں سیاروں کے ساتھ ساتھ ستارے بھی موجود ہوتے ہیں جن کے گرد سیارے گردش کرتے ہیں اس کہکشاں میں موجود ستارہ سورج ہے جس کے گرد سیارے گردش کر رہے ہیں پھر ان سیاروں کے بھی ذیلی سیارے موجود ہیں جو ان سیاروں کے گرد گردش کرتے ہیں۔ جس طرح ہماری زمین ہماری کہکشاں کے ستارے سورج کے گرد گردش کرتی ہے بالکل اسی طرح زمین کے گرد چاند گردش کر رہا ہے۔ ہماری اس کہکشاں میں کل نو سیارے ہیں جن میں زمین، عطارت، ظہرہ، زمین، مریخ، مشتری، نیپچوں، پلوٹو، وغیرہ شامل ہیں۔ اس کہکشاں میں بہت سے ذیلی سیارے بھی ہیں جو اپنے اپنے سیاروں کے گرد چکر لگا رہے ہیں جیسے زمین کے گرد چاند چکر لگا رہا ہے۔ سورج کے گرد سیاروں کا یہ نظام نظامِ شمسی کہلاتا ہے۔

(ب) حارث گھر میں داخل ہوا تو دروازے کے پاس ٹوٹے فرش کے ایک گڑھے میں ایسا پاؤں پڑا کہ وہ مشکل سے گرتے گرتے بچا۔ گھر کے ٹوٹے پھوٹے صحن میں کھڑے ہو کر اس نے ادھر اُدھر نگاہ ڈالی تو اسے یوں محسوس ہونے لگا کہ جیسے پلستر اتری دیواریں، پرانے دروازے، بدنما کھڑکیاں اور جگہ جگہ سے اکھڑا ہوا فرش اس کو خوش آمدید کہہ رہے ہوں۔ ان چیزوں کو دیکھتے ہوئے اس کی آنکھوں میں نمی سی تیر گئی۔ اس گھر میں دو ہی تو کمرے تھے۔ ایک کمرہ سامان سے بھرا پڑا تھا جبکہ دوسرا کمرہ مہمانوں کے لیے تھا اس میں چند پرانی کرسیاں اور ایک بے رنگ میز پڑی تھی۔ یہ کمرہ مہمانوں کے علاوہ پڑھائی لکھائی، کھانے پینے اور رات کے وقت سونے کے لئے بھی کام آتا تھا۔ دونوں کمروں کے آگے ایک چھوٹا سا برآمدہ بھی تھا۔

سوال نمبر:۳ نظم کے دیے گئے بند کی تشریح کریں نیز نظم اور شاعر کا نام بھی تحریر کریں۔ (کوئی ایک) (۷)

(۱)

میری تو اب ہے ساری توجہ اسی طرف
کس شعبۂ حیات میں کیا بہتری ہوئی
اس سلسلہ میں کیا ہے حکومت کی پیش رفت
لوگوں کی مشکلات میں کتنی کمی ہوئی

(۲)

قدرت نے ان کو جونہی نوازا، بنا دیا
پیسے تھے ان کے پاس لہٰذا بنا دیا
ان میں بہت تھی کچھ نہ بنانے کی اہلیت
جب کچھ نہ بن سکا تو پلازہ بنا دیا

سوال نمبر:۴ دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (کوئی سے دس) (۲۰)

۱۔ حرمت مسلم کو اب کس کی ضرورت ہے؟

۲۔ گرلز گائیڈ کے لیے عمر کا دورانیہ کیا ہے؟

۳۔ روس جیسی طاقت کے ساتھ کیا ہوا؟

۴۔ انور مسعود نے پیسے والواں کے متعلق کیا فرمایا ہے؟

۵۔ ہڑپہ اور موئن جودڑو کی تہذیبیں کس طرح سامنے آئیں؟

۶۔ نادر کون تھا اور اس کے ساتھ کیسا سلوک برتا جاتا تھا؟ (بحوالہ سبق ''گلشن منزل'')

۷۔ حارث امین کو کیوں تنگ کرتا تھا؟ (بحوالہ سبق ''گلشن منزل'')

۸۔ انشاء اپنے گاؤں کیوں جانا چاہتا ہے؟

۹۔ نظم ''چل انشاء اپنے گاؤں میں''، ہمیں کیا احساس دلانے کے لیے لکھی گئی ہے؟

۱۰۔ قرآن مجید نے اس کائنات کے حوالے سے کیا کہا ہے؟

۱۱۔ زمین اپنے محور کے گرد ایک چکر کتنے عرصے میں پورا کرتی ہے؟

۱۲۔ خودکش کس طرح دشمنوں کا آلہ کار بن جاتے ہیں؟

**سوال نمبر:۵ ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام ضروری کام کی درخواست تحریر کریں۔** (۵)

☆......☆......☆



# قومی ترانہ

پاک سَر زمین شاد باد کِشورِ حسین شاد باد

تُو نِشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان

مرکزِ یقین شاد باد

پاک سَر زمین کا نِظام قوّتِ اُخوّتِ عوام

قوم مُلک سلطنت پایندہ تابندہ باد

شاد باد منزلِ مُراد

پرچمِ ستارہ و ہِلال رہبرِ ترقّی و کمال

ترجمانِ ماضی شانِ حال جانِ اِستقبال

سایۂ خدائے ذُوالجلال


Contact:
+92 343 524 5518
+92 42 3723 11 12
www.excelbookcompany.com.pk

ایکسل بُک کمپنی

ہیڈ آفس: ہاؤس نمبر 992، سٹریٹ 43، E-11/2، اسلام آباد۔

لاہور آفس: 7-میاں مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔

EXCEL
BOOK COMPANY